12-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	علوم رسم الخط	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ التجوید و القراءۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ علم رسم الخط کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

2۔ "نفائس البیان فی علم رسم القرآن" کتاب کے مصنف کا نام ہے:

(الف) قاری غلام رسول (ب) شیخ ادریس العاصم (ج) اظہار احمد تھانوی (د) برخوردار سدیدی

3۔ علم رسم الخط کو سیکھنا ہے:

(الف) فرض (ب) فرض کفایہ (ج) واجب (د) واجب کفایہ

4۔ رسم الخط کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

5۔ حروف مہملہ کی کل تعداد ہے:

(الف) بارہ (ب) چودہ (ج) سولہ (د) اٹھارہ

6۔ الف کے بیان میں کل مباحث ہیں:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

7۔ ہمزہ متوسطہ اتنی حالتوں میں بشکل واؤ مرسوم ہوتا ہے:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

8۔ علم رسم الخط کا شرعی حکم ہے:

(الف) فرض عین (ب) فرض کفایہ (ج) سنت (د) مستحب

9۔ درمیان کلمہ کا ہمزہ اتنی صورتوں میں الف کی صورت میں لکھا جاتا ہے:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

10۔ علم رسم الخط حاصل کرنے کا فائدہ ہے:

(الف) قرآن لکھنے میں غلطی سے بچنا (ب) کلمات کو خوبصورت لکھنا (ج) کلمات کو درست لکھنا (د) تینوں غلط ہیں

ورق الٹئے

11۔آخر کلمہ میں ہمزہ بصورت لکھا جاتا ہے:

(الف) جب ما قبل مفتوح ہو (ب) جب ما قبل مکسور ہو (ج) جب ما قبل مضموم ہو (د) جب ما قبل ساکن ہو

12۔مصاحف عثمانیہ کی تعداد ہے:

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 8

13۔ہمزہ متوسطہ مضموم بعد الکسر کو یوں لکھا جاتا ہے:

(الف) فئة (ب) رئة (ج) ناشئة (د) مئون

14۔کلمہ کے آخر میں آنے والے ہمزہ کی کل حالتیں ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

15۔درمیان کلمہ میں اتنی حالتوں میں ہمزہ مفرد لکھا جاتا ہے:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

16۔امام خلیل بن الفراہیدی نے قرآن کی کل علامات وقف مقرر کیں:

(الف) 6 (ب) 7 (ج) 8 (د) 10

17۔اسم ثلاثی یا فعل ثلاثی میں اتنی علامات میں سے کسی علامت کا ہونا الف کے یائی الاصل ہونے کی دلیل ہے:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

18۔اسماء رباعی یا افعال رباعی میں آخر کلمہ میں الف لکھا جائے گا:

(الف) بصورت الف (ب) بصورت یاء (ج) بصورت واؤ (د) بصورت ہمزہ

19۔ہمزہ کے بیان میں کل مباحث ہیں:

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

20۔ہمزہ متطرفہ جس کا ما قبل مکسور ہو تا لکھا جاتا ہے:

(الف) بصورت الف (ب) بصورت یاء (ج) بصورت واؤ (د) بصورت ہمزہ مفرد

12-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	علوم رسم الخط	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ التجوید و القراءۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ________________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ حرف "یاء" کو لکھنے کا قاعدہ کیا ہے؟ تحریر کریں۔
2۔ حروف معجمہ کی کل تعداد کتنی ہے؟ تحریر کریں۔
3۔ ہمزہ وصلی کی تعریف تحریر کریں۔
4۔ موصول کی تعریف مع مثال لکھیں۔
5۔ عربی رسم الخط کو سب سے پہلے کس نے ایجاد کیا؟ اور وہ کس شہر سے تعلق رکھتے تھا؟
6۔ فن علم الرسم کے واضعین کون ہیں؟ تحریر کریں۔
7۔ علم رسم الخط پر لکھی گئی دو کتابوں کے نام لکھیں۔
8۔ مقطوع کی تعریف مع مثال لکھیں۔
9۔ علم الرسم کا حکم تحریر کریں۔
10۔ علم الرسم کا فائدہ تحریر کریں۔
11۔ علم رسم الخط کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔
12۔ علم الرسم کی غرض وغایت تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ کتنی حالتوں میں آخری الف کو بشکل یاء لکھا جاتا ہے؟ مثال سے واضح کریں۔
2۔ الف لینہ کی تعریف مع مثال لکھیں۔
3۔ "استحیاء" میں الف کو بشکل الف لکھنے کی وجہ تحریر کریں۔
4۔ اسماء مبنیہ کے آخر میں الف لکھنے کی صورت تحریر کریں۔
5۔ لفظ "مائۃ" اور "مائتین" مین ہمزہ بشکل یاء سے پہلے الف کیوں لکھا جاتا ہے؟
6۔ ہمزہ متوسطہ کتنی حالتوں میں بشکل یاء مرسوم ہوتا ہے؟ تحریر کریں۔
7۔ کوئی سے تین کلما لکھیں جہاں الف لکھا جاتا ہے لیکن پڑھا نہیں جاتا۔
8۔ آخر کلام میں ہمزہ بشکل یاء لکھنے کی صورت تحریر کریں۔
9۔ ہمزہ مبتدیہ کی تعریف مع مثال لکھیں۔
10۔ خط قیاسی سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
11۔ ہمزہ قطعی کی تعریف تحریر کریں۔
12۔ خط اصطلاحی سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. کتنی اور کون کون سی حالتوں میں آخری الف کو بشکل یاء لکھا جاتا ہے؟ نیز اس کے قواعد مع مثال تحریر کریں۔
ii. آخر کلام میں ہمزہ کے رسم کی صورتیں تفصیلاً بیان کریں۔
iii. ہمزہ متطرفہ کے کل کتنے احوال ہیں؟ نیز ہمزہ متطرفہ کے قواعد مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. علم رسم الخط کے واضعین پر تفصیلاً نوٹ لکھیں۔
ii. رسم الخط کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔
iii. علم رسم الخط کی ضرورت واہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔